## سوال

(64)استطاعت کے باوجود شادی نہ کرنے والے کی نمازِجنازہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

استطاعت کے باوجود شادی نہ کرنے والے کی نمازِجنازہ پڑھنی چاہیے یا نہیں؟ (عبدالرزاق اختر، محمدی چوک، حبیب کالونی گلی نمبر ۱۲، رحیم یارخان) (مارچ ۲۰۰۵)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

شادی نہ کرنے کے باوجود اگر کسی کی طہارت و پاکیزگی معروف ہو تو اس کی نمازِجنازہ پڑھنی چاہیے ویسے بھی عام حالات میں شادی کرنا مستحب ہے، واجب نہیں، ہاں البتہ کسی کو اگر زنا کاری کا ڈر ہو تو پھر شادی کرنا واجب ہے، ملاحظہ ہو: (المغنی لابن قدامہ ؒ)

بعض علماء نے ان محدثین کے بارے میں مستقل کتابیں تصنیف کی ہیں، جنھوں نے ساری زندگی شادی نہیں کی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:123

## محدث فتویٰ